© rasailojaraid.com



اضافوں کے بعد اسے اپنے لیے نہیں سمجھتا۔ صرف ترجمے کی اشاعت کی اپنی افادیت ہے۔ (مسلم سجاد)

**بارگاہ رسالتؐ میں**، مرتبہ: محمد متین خالد۔ ملنے کا پتا: مکتبہ تعمیر انسانیت، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۹۲۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

حج بیت اللہ اور عمرے کی ادائگی اور روضہ رسولؐ پر حاضری ایک مسلمان کی زندگی کا ایک ناقابل فراموش واقعہ ہوتی ہے۔ وہ اپنی اس خوش بختی پر، جس قدر بھی نازاں ہو، کم ہے۔ اس سعادت سے بہرہ ور ہونے والے بہت سے لوگوں نے اپنی ذہنی و قلبی کیفیات اور جذبات و احساسات کو سپرد قلم کیا ہے۔ جناب محمد متین خالد نے زیر نظر کتاب میں ۷۰ کے قریب زائرین روضہ رسولؐ کے تاثرات جمع کیے ہیں۔ ان میں مختلف شعبوں اور پیشوں سے تعلق رکھنے والے زیادہ تر نامور اور معروف اصحاب شامل ہیں۔ یہ کیفیات دلچسپ بھی ہیں اور روح پرور اور جذبات انگیز بھی۔ یہاں انسان کو اپنے گناہوں کا احساس ہوتا ہے، جسم پر کپکپی طاری ہوتی ہے، جذبات امڈ آتے ہیں، آنکھیں ڈبڈبا جاتی ہیں اور کبھی سسکیاں بھی نکل جاتی ہیں۔ اور انسان ایسی کیفیات سے دوچار ہوتا ہے جنھیں پوری طرح بیان کرنا ممکن بھی نہیں۔ کبھی تو جی چاہتا ہے کہ اس جالی کو دیکھتے رہیں اور کبھی جی چاہتا ہے گنبد خضرا ہر وقت نظروں کے سامنے رہے۔ اس کتاب میں اسی چاہت، اور لگن پر مبنی احساسات و جذبات اور کیفیات کی جھلکیاں نظر آتی ہیں۔

مرتب نے نہایت ذوق و شوق سے مختلف اصحاب کے تاثرات جمع کیے اور ناشر نے بڑے اہتمام سے خوب صورت انداز میں انھیں شائع کیا ہے۔ ابتدا میں اشفاق احمد اور طالب الہاشمی کی تقاریظ شامل ہیں۔ یہ دل کش گلدستہ ترتیب دینے پر محمد متین خالد مبارک باد کے مستحق ہیں۔ مصنفین کے ناموں کے ساتھ کتاب یا سفرنامے کا نام بھی دے دیا جاتا تو بہت اچھا تھا۔ سرورق روضہ رسولؐ کی جالی سے مزین ہے۔ (زبیدہ جبیں)

**پاکستان میں تعلیم کے زندہ مسائل**، مسلم سجاد، مرتبہ: سلیم منصور خالد۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۳۸۰۔ قیمت: ۱۱۰ روپے۔

پیش نظر کتاب، پاکستان میں تعلیمی مسائل کو اسلامی نقطہ نظر سے دیکھنے اور انھیں حل کرنے کے لیے قابل عمل تجاویز پر مشتمل ۲۷ مقالات کا مجموعہ ہے، جو مصنف نے وقتاً فوقتاً مختلف مجالس، مذاکروں اور مجلوں کے لیے تحریر کیے تھے۔ پروفیسر سلیم منصور خالد نے انھیں بڑی محنت سے سات عنوانات کے تحت مرتب کر دیا ہے اور اس طرح فلسفہ نظام تعلیم اور تعلیمی حکمت عملی سے متعلق پروفیسر مسلم سجاد کی فکر یکجا کتابی صورت میں ہمارے سامنے آگئی ہے۔ مسلم سجاد، نائب مدیر ترجمان القرآن، نہ صرف تعلیم بلکہ

© rasailojaraid.com